PUNJAB PUBLIC SERVICE COMMISSION

COMBINED COMPETITIVE EXAMINATION FOR RECRUITMENT TO THE POSTS OF PROVINCIAL MANAGEMENT SERVICES, ETC. - 2014

SUBJECT: URDU (GENERAL INCLUDING ESSAY)

Time Allowed: Three Hours | Maximum Marks: 100

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیے۔

(الف) پاکستان میں اردو افسانہ نگاری (ب) غالب کا ہے انداز بیاں اور

(ج) اردو اور ہمارے سیاست دان (د) ''امن کی آشا''۔۔۔۔۔۔۔چند تحفظات

سوال نمبر2: مندرجہ ذیل میں سے صرف چار اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ا) ہفتا دو دو فریق حسد کے عدد سے ہیں اپنا ہے پہ طریق کہ باہر حسد سے ہیں۔

(ب) نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا

(ج) گھر میں برکت ہے مگر فیض ہے جاری شب و روز کچھ سہی، شیخ مگر ہے بخدا ایک ہی شخص

(د) نقش ہیں سب ناتمام، خون جگر کے بغیر کچھ سہی، شیخ مگر ہے بخدا ایک ہی شخص

(ہ) کبھی اپنی آنکھ سے زندگی پہ نظر نہ کی وہی زاویے کہ جو عام تھے، مجھے کھا گئے

سوال نمبر3: درج ذیل اقتباس کی تلخیص کیجیے، جو اصل عبارت کے ایک تہائی سے زیادہ نہ ہو۔ تلخیص کا عنوان بھی دیجیے: (فقط ایک عنوان دیجیے)

آزاد اور حالی کے لگائے ہوئے درخت کا سب سے اہم پھل اقبال کی شاعری ہے۔ آزادی کی تحریکیں زور و شور سے چلنا شروع ہو گئی تھیں۔ قوم پرستی کا چرچا تھا۔ انگریز کے خلاف سیاست زور پکڑتی جا رہی تھی۔ اقبال بھی ان تحریکوں سے متاثر ہوئے اور دیگر سیاسی رہنماؤں کی طرح انھوں نے بھی ہندو مسلم اتحاد اور ہندوستانی قومیت کے ترانے لکھے مگر زیادہ مدت نہ گزری تھی کہ انھوں نے یورپ کا سفر اختیار کیا۔ اس دوران میں اُن پر یہ انکشاف ہوا کہ قوم پرستی کا مغربی تصور، انسانیت کے لیے ہلاکت آفرین ہے اور یہ کہ اسلام انسانی معاشرے کا جو ایک عالمگیر تصور دے چکا ہے، (جس کی بنیاد مساوات پر ہے) اگر اسے دوبارہ نافذ کیا جائے، تو انسان تباہی سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ چنانچہ واپسی پر اقبال نے اپنے بدلے ہوئے نظریے کی تلقین بڑے شد و مد سے شروع کی۔ اقبال میں وہ تمام صلاحیتیں موجود تھیں جو کسی بھی عظیم شاعر میں ہونا ضروری ہیں۔ بڑے بڑے خشک مسائل میں اتنی شیرینی پیدا کی کہ باید و شاید۔ اردو ادب کی اب تک کی تاریخ میں وہ سب سے مؤثر شاعر ہو گزرے ہیں۔

سوال نمبر4: درج ذیل محاورات میں سے صرف پانچ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ اُن کا مفہوم واضح ہو جائے:

(ایک محاورے کا ایک سے زیادہ جملہ مت بنائیے اور نہ ہی پانچ سے زیادہ محاورت استعمال کیجیے۔

آئینہ کر دینا، اُلٹی آنتیں گلے پڑنا، بال بیکا کرنا، پو بارہ ہونا، پیٹ کاٹنا، جُل دینا، عہدہ برآ ہونا، ہوا دینا

سوال نمبر5: کاٹ چھانٹ سے گریز کرتے ہوئے درج ذیل عبارت کا رواں اردو ترجمہ کیجیے:

"These are different aspects of nationalism, not its definitions. As a description each of them is narrow, inadequate and misleading. As an aspect each represents one facet and concentrates attention on it. Every nationlism is sui generis and takes on its character and shape from its context and environment. Each is a mixture of all these ingredients---but never in equal propotions. It is a

www.ilmkidunya.com